NYC انسانی حقوق کے قانون کے تحت معذوری سے متعلق تحفظ

نیویارک شہر کے انسانی حقوق کا قانون کسی شخص کی معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو ناجائز قرار دیتا ہے اور نیو یارک شہر میں معذور لوگوں کے لیے آزاد اور مساوی رسائی کو فروغ دیتا ہے۔

5 چیزیں آپ کو معلوم ہونی چاہئیں

1. رہائش فراہم کنندگان، ملازمت دہندگان، اور کاروبار مالکان کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنی پالیسیوں اور/ یا جگہ میں ترمیمات یا سہولیات کی پیش کش کریں تاکہ ایک معذور شخص کو مساوی استعمال اور حقوق حاصل ہو سکیں۔

2. عام طور پر یہ رہائش فراہم کنندگان، ملازمت دہندگان، اور کاروباری مالکان کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ ترمیمات یا سہولیات کے اخراجات برداشت کریں۔

3. خواہ اگر کوئی رہائش فراہم کنندہ، آجر، یا کاروبار مالک پہلے ہی سے معذور امریکی شہریوں سے متعلق قانون [Americans with Disabilities Act (ADA)]، NYC انسانی حقوق کے قانون [NYC Human Rights Law] کی تعمیل کرتا ہو، اس کے باوجود اس کے لیے ایسی ترمیمات یا سہولیات فراہم کرنا ضروری ہے جو کہ ایک فرد کی ضروریات کو پوری کرتی ہوں، سوائے اس کے کہ اس سے "غیر ضروری دقت" پیدا ہو جس کی وضاحت اس قانون کے تحت کی گئی ہے۔

صفحہ کی دوسری جانب جاری...

اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ نے امتیازی سلوک کا تجربہ یا سامنا کیا ہے تو **ہم مدد کر سکتے ہیں۔**

311 پر کال کریں اور **NYC کمیشن برائے انسانی حقوق [NYC Commission on Human Rights]** کو دریافت کریں یا کمیشن کو بلا واسطہ **(212) 416-0197** پر کال کریں۔

کمیشن برائے انسانی حقوق | میئرز آفس برائے معذورین

NYC.gov/mopd • NYC.gov/HumanRights

@NYCDisabilities • @NYCCHR • #EqualAccessNYC

NYC انسانی حقوق کے قانون کے تحت معذوری سے متعلق تحفظ

نیو یارک کے تمام باشندگان کے لیے مساوی اور آزاد رسائی

4. خدمت گزار جانوروں کو کسی معذور شخص کے فائدے کے لیے مخصوص کاموں کو انجام دینے کے لیے تربیت دی جاتی ہے۔ خدمت گزار جانوروں کو لازماً اپنے مالکان کے ساتھ رہنے کی اجازت دی جانی چاہیے کسی بھی ایسے علاقے میں جہاں کہ عوام کو اجازت ہوتی ہے اور انہیں کوئی صدری پہننے، خاص طور پر لائسنس جاری کیے جانے، یا بصورت دیگر خدمت گزار جانوروں کی حیثیت سے ان کا نظر آنا ضروری نہیں ہے۔

5. رہائش فراہم کنندگان، ملازمت دہندگان، اور کاروبار مالکان کے لیے لازمی ہے کہ وہ معذور شخص کے ساتھ بات چیت کریں تاکہ معذور شخص کے لیے ترمیمات یا سہولیات کی نوعیت کے تعین میں مدد حاصل ہو۔

امتیازی سلوک کی شناخت میں آپ کی مدد کے لیے منظرنامے

- ایک رہائش فراہم کنندہ اپنی عمارت میں داخل ہونے کے سامنے والے راستے میں ایک ایسی ریمپ لگانے سے منع کر دیتا ہے جسے وہیل چیئر کا استعمال کرنے والے مکین بغیر کسی مدد کے اندر باہر آنے جانے کے لیے استعمال کر سکیں۔
- ریستوران کا کوئی مالک کسی ایسے گاہک کو جس کے پاس کوئی خدمت گزار جانور ہے کہتا ہے کہ اسے لازماً اپنے جانور کے ساتھ ریستوران چھوڑ دینا چاہیے۔
- ایک آجر کسی ملازمہ کو جس کی نگاہ کمزور ہو اس کے کمپیوٹر کے لیے ایک اسکرین ریڈر فراہم کرنے سے منع کر دیتا ہے تاکہ وہ اپنا کام کر سکے۔

اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ نے امتیازی سلوک کا تجربہ یا سامنا کیا ہے تو **ہم مدد کر سکتے ہیں۔**

311 پر کال کریں اور **NYC کمیشن برائے انسانی حقوق [NYC Commission on Human Rights]** کو دریافت کریں یا کمیشن کو بلا واسطہ **416-0197 (212)** پر کال کریں۔

کمیشن برائے انسانی حقوق | میئرز آفس برائے معذورین

NYC.gov/mopd • NYC.gov/HumanRights

@NYCDisabilities • @NYCCHR • #EqualAccessNYC